PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

چوتھا ون ڈے: پاکستان انڈر 19 نے بنگلہ دیش انڈر 19 ٹیم کو 8 وکٹوں سے ہرا دیا، سیریز میں تین ایک سے برتری۔

راجشاہی، 13 مئی 2023:

اوپنرز شاہ زیب خان کی سنچری اور آزان اویس کے ساتھ سنچری پارٹنرشپ نے پاکستان انڈر 19 کو بنگلہ دیش انڈر 19 کے خلاف چوتھے ون ڈے میں 8 وکٹوں سے کامیابی دلادی۔

پاکستان انڈر 19 ٹیم نے پانچ میچوں کی اس سیریز میں تین ایک کی برتری حاصل کرلی ہے۔

پاکستان انڈر 19 نے پہلا میچ 9 وکٹوں سے اور دوسرا میچ 78 رنز سے جیتا تھا جبکہ تیسرے میچ میں میزبان ٹیم نے 4 وکٹوں سے کامیابی حاصل کی تھی۔

چوتھے میچ میں پاکستان انڈر 19 نے ٹاس جیت کر بنگلہ دیش انڈر 19 کو بیٹنگ دی۔

میزبان ٹیم 46 اعشاریہ 4 اوورز میں 199 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

عارف الاسلام نے چار چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 50 رنز بنائے۔ محفوظ الرحمن رابی نے 34 اور شیخ پرویز نے 30 رنز اسکور کیے۔

پاکستان انڈر 19 کی طرف سے ایمل خان نے 34 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ علی اسفند نے بھی 3 کھلاڑی 39 رنز کے عوض آؤٹ کیے۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial